**23.10.2024**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں..........محمد عمار

~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~

**Music**

☆ وزیراعظم نریندرمودی آج روس کے شہر کزان میں برکس کی سولہویں چوٹی کانفرنس سے خطاب کریں گے۔ وہ اِس موقع پر چین کے صدر شی جنپنگ کے ساتھ باہمی بات چیت بھی کریں گے۔

☆ قومی راجدھانی دلّی یں ہوا کا معیار بہت خراب کے زمرے میں ہے اور اُس کا اے کیو آئی دوپہر کے وقت 367 ریکارڈ کیا گیا۔ مرکز نے سپریم کورٹ کو مطلع کیا ہے کہ پرالی جلانے سے متعلق پینالٹی کے ضابطے دَس دِن کے اندر جاری کیے جائیں گے۔

☆ اڈیشہ انتظامیہ نے سمندری طوفان دانا کے پیش نظر ہائی الرٹ جاری کیا ہے۔ لوگوں کو محفوظ مقامات پر پہنچائے جانے کا کام جاری ہے اور اسکول اور کالج تین دن کیلئے بند کردیئے گئے ہیں۔

☆ ہاکی میں بھارت اور جرمنی کے درمیان سیریز کا پہلا میچ آج دوپہر نئی دلّی کے میجر دھیان چند اسٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔

☆ اور سلطان آف جوہر کپ میں مردوں کی جونیئر ٹیم کا مقابلہ آسٹریلیا سے ہوگا۔ یہ میچ آج شام ملیشیا میں کھیلا جائے گا۔

**(Music)**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**PM Xi Talks**

وزیراعظم نریندر مودی آج روس کے شہر کزان میں، برکس سربراہ کانفرنس کے موقع پر چین کے صدر شی چن پنگ کے ساتھ دوطرفہ بات چیت کریں گے۔ وزیراعظم مودی اور چین کے صدر کے درمیان یہ میٹنگ پچھلے پانچ سال میں پہلی منظم میٹنگ ہوگی۔ دونوں رہنماؤں نے 2023، میں جنوبی افریقہ میں برکس سربراہ کانفرنس کے دوران ملاقات کی تھی۔ دونوں ملکوں کے درمیان حقیقی کنٹرول لائن LAC کے علاقوں میں گشت سے متعلق ایک معاہدہ ہوجانے کے تناظر میں اس میٹنگ کی اہمیت اور زیادہ بڑھ گئی ہے۔ چین کے صدر کے ساتھ 2023 میں اپنی میٹنگ کے دوران جناب مودی نے بھارت-چین سرحدی علاقے کے مغربی سیکٹر میں LAC پر تصفیہ طلب معاملات سے متعلق بھارت کی تشویش ظاہر کی تھی۔

شی جن پنگ سے ملاقات سے پہلے وزیراعظم مودی، برکس کے مختلف اجلاس سے خطاب کریں گے۔

جناب مودی نے کل روس اور ایران کے صدر کے ساتھ دوطرفہ بات چیت کی، جس میں اُنہوں نے معاملات کے پُرامن حل کی ضرورت
~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~

پر زور دیا اور کہا کہ جنگ سے کوئی مسئلہ حل نہیں ہوتا۔×

**IMF INDIA GDP**

بین الاقوامی مالی فنڈ IMF نے 31 مارچ 2025 کو ختم ہونے والے رواں مالی سال کے دوران، بھارت کی مجموعی گھریلو پیداوار GDP کی شرح ترقی، 7 فیصد برقرار رکھی ہے۔ IMF نے اپنے تازہ ترین عالمی اقتصادی خاکے میں کہا ہے کہ اُمید ہے کہ بھارت اگلے مالی سال یعنی 26-2025 میں، ساڑھے چھ فیصد کی شرح سے ترقی کرے گا۔

اِدھر Deloitte India کے تازہ ترین اقتصادی جائزے میں پیشگوئی کی گئی ہے کہ رواں مالی سال میں، بھارت کی اقتصادی ترقی کی شرح 7 اور سات اعشاریہ دو فیصد کے درمیان رہے گی۔×

**Sitharaman USA**

وزیرخزانہ نرملا سیتا رمن نے کہا ہے کہ آیوشمان بھارت اسکیم سماجی سیکورٹی کے پروگراموں کی ایک بہترین اسکیم ہے۔ امریکہ کے پینسل وِینیا یونیورسٹی میں Wharton Business اسکول میں خطاب کے دوران انھوں نے یہ بات کہی۔

وزیر خزانہ نے بھارت میں ڈیجیٹل بنیادی ڈھانچے، براہ راست فائدوں کی منتقلی میں اس کی افادیت، افریقی یونین کو بھارت کی صدارت کے دوران جی ٹوینٹی میں شامل کیا جانا جیسی حصولیابیوں کو اُجاگر کیا۔

**Govt Joshi Chana dal**

مرکز نے آج نیشنل کوآپریٹو کنزیومرس فیڈریشن آف انڈیا لمیٹیڈ (این سی سی ایف) اور نیشنل ایگری کلچرل کوآپریٹیو مارکیٹنگ فیڈریشن آف انڈیا لمیٹیڈ (نیفیڈ) کی گاڑیوں کے ذریعہ نئی دلّی میں بھارت برانڈ چنا دال کی فروخت کے دوسرے مرحلے کا آغاز کیا ہے۔ بھارت برانڈ چنا دال کی فروخت کی گاڑیوں کو جھنڈی دکھاکر روانہ کرنے کی تقریب کے دوران صارفین کے اُمور، خوراک اور سرکاری نظام تقسیم کے وزیر پرہلاد جوشی نے کہا کہ کیندریہ بھنڈاروں، موبائل وین، نیفیڈ، ای کامرس پلیٹ فارم اور بگ چین خوردہ فروشوں کے یہاں بھارت چنا دال 70روپے کلو ، جبکہ چنا 58 روپے کلوگرام دستیاب کرایا جائے گا۔ x

**Jharkhand Election**

جھارکھنڈ میں، جھارکھنڈ مکتی مورچہ (JMM) اور راشٹریہ جنتا دل RJD نے اسمبلی انتخابات کے لیے امیدواروں کی پہلی فہرست جاری کردی ہے۔ JMM نے 35 امیدواروں کے ناموں کا، جبکہ RJD نے 6 امیدواروں کے ناموں کا اعلان کیا ہے۔ وزیراعلیٰ اور JMM کے ایگزیکیٹیو صدر ہیمنت سورین Barhet سیٹ سے انتخاب لڑیں گے، جبکہ اسپیکر Rabindra Nath Mahto کو Nala حلقے سے ٹکٹ دیا گیا ہے۔ کلپنا سورین Gandey سیٹ سے انتخاب لڑیں گی۔

دوسری جانب RJD کے ریاستی سربراہ سنجے کمار سنگھ یادو کو حسین آباد حلقے سے کھڑا کیا گیا ہے، جبکہ سابق وزیر سوریش پاسوان Deoghar سیٹ سے چناؤ لڑیں گے۔×

**NCP List**

نیشنلسٹ کانگریس پارٹی NCP نے مہاراشٹر اسمبلی انتخابات کیلئے آج امیدواروں کی اپنی پہلی فہرست جاری کی ہے، جس میں نائب وزیراعلیٰ اجیت پوار کا نام شامل ہے۔ وہ بارہمتی حلقے سے چناؤ لڑیں گے۔ اِس کے علاوہ چھگن بھجبل Yeola سے، Dilip Walse پاٹل Ambegaon سے، حسن مشرف kagal سے اور Dhananjay منڈے Parli سے چناؤ لڑیں گے۔ قانون ساز اسمبلی کے نائب اسپیکر Narhari Jhirwal ڈِنڈوری سے، دھرماراؤ اَترام Aheri سے اور Aditi Tatkare شری وَردھن سے انتخاب لڑیں گے۔×

**J&K Haj Committee**

جموں وکشمیر میں جموں و کشمیر حج کمیٹی نے 2025 کے سبھی عازمین حج کیلئے ایک لاکھ 20 ہزار روپے کی پیشگی رقم جمع کرنے کی تاریخ بڑھا دی ہے۔آکاشوانی جموں کے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ 21 اکتوبر 2024 کو جاری سرکلر نمبر 10 کے مطابق حج کمیٹی آف انڈیا ممبئی نے مذکورہ تاریخ میں 31اکتوبر 2024 تک توسیع کردی ہے۔ جن عازمین حج کا عبوری طور پر انتخاب کیا گیا ہے، اُن سے کہاگیا ہے کہ وہ پیشگی رقم، حج درخواست فارم، Pay-in-Slip یا آن لائن رسید کی نقل، طبی جانچ اور فٹنس سٹرفکیٹ www.hajcommittee.gov.in پر بھیجیں۔ اِس کے علاوہ بین الاقوامی پاسپورٹ کی خود سے تصدیق شدہ کاپی اور پاسپورٹ سائز کی ایک فوٹو 5 نومبر 2024 تک متعلقہ ڈپٹی کمشنر کے دفتر کو بھیج دیں۔×

**Guwahati Car Rally**

بھارتی فضائیہ اور اتراکھنڈ جنگی یادگار کے ذریعے منعقد کی جارہی ''وایو وِیر وِجیتا کار ریلی'' آج شام گوہاٹی پہنچے گی۔ فضائی جانبازوں کے حوصلے کو فروغ دینے کے اقدام کے تحت بھارتی فضائیہ کے سربراہ ایئر چیف مارشل امرپریت سنگھ بھی Hashimara سے گوہاٹی تک گاڑی چلا رہے ہیں۔

گوہاٹی میں دفاع کے تعلقات عامہ کے افسر نے کہا ہے کہ ایئرچیف مارشل امرپریت سنگھ اپنی ٹیم کے ساتھ کل گوہاٹی یونیورسٹی کے طلبہ سے بات چیت کریں گے۔ اِس کے بعد یہ کار ریلی تیزپور کے لیے روانہ ہوجائے گی۔

ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ اِس بڑی کار ریلی کو سیاچن میں واقع Thoise فضائی اَڈّے سے اِس مہینے کی آٹھ تاریخ کو جھنڈی دکھاکر روانہ کیا گیا تھا۔

یہ کار ریلی اِس مہینے کی 29 تاریخ کو اروناچل پردیش میں واقع توانگ کے مقام پر ختم ہوگی۔

اِس ریلی کا اہم مقصد ملک کے نوجوانوں کو مسلح افواج میں شامل ہونے کیلئے ترغیب دینا ہے۔

xxxxx

**Delhi Pollution**

دلّی کی آب ہوا مسلسل بہت خراب زمرے میں بنی ہوئی ہے۔ مرکزی پولیوشن کنٹرول بورڈ کے مطابق دوپہر بارہ بجے قومی راجدھانی کا ہوا کا معیاری اشاریہ 367 پر تھا۔ آج صبح اِسموگ کی موٹی چادر دیکھی گئی تھی۔ اے کیو آئی صفر سے پچاس تک اچھا مانا جاتا ہے۔51 سے 100 اے کیو آئی قابل قبول ہے،101 سے 200 اے کیو آئی معتدل کے زمرے میں آتا ہے، جبکہ 201 سے

300 خراب اور 301 سے 400 اے کیو آئی بہت خراب زمرے میں آتا ہے۔ 401 سے 450 کے درمیان اے کیو آئی شدید مانا جاتا ہے۔x

## SC Air Pollution

سپریم کورٹ نے آج کہا ہے کہ پرالی جلانے سے متعلق پینلٹی کیلئے بنایا گیا ہوا کے معیار سے متعلق انتظامی قانون کا نفاذ نہیں کیا جارہا ہے۔سپریم کورٹ نے مزید کہا کہ ہوا کے معیار سے متعلق انتظامی قانون اِس کے نفاذ کرنے سے متعلق ضروری مشینری تیار کیے بغیر بنایا گیا تھا۔ ایڈیشنل سولیسٹر جنرل اے ایس جی ایشوریہ بھاٹی جو مرکز کی نمائندگی کررہی ہیں، انھوں نے یقین دلایا کہ اِن قوانین کو دَس دن کے اندر آخری شکل دے دی جائے گی۔

## Odish Cyclone Dana

سمندری طوفان Dana تین کلو میٹر فی گھنٹے کی رفتار سے اوڈیشہ کے ساحل کی جانب بڑھ رہا ہے اور اِس کے کل رات یا جمعہ کی صبح کیندرپاڑہ اور بالاسور ضلع کے ساحل کے درمیان پہنچنے کا امکان ہے۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ اوڈیشہ سرکار نے جگت سنگھ پور، کیندر پاڑہ، بھدرک اور بالاسور ساحلی اضلاع کی انتظامیہ کو انتہائی چوکس کردیا ہے۔ تمام دیگر ساحلی اضلاع کو بھی چوکسی برتنے کو کہا گیا ہے، کیونکہ شدید سمندری طوفان سے اوڈیشہ کے پورے ساحلی علاقے کے متاثر ہونے کا امکان ہے۔ 14 ساحلی اور پڑوسی اضلاع میں سبھی اسکول، کالج اور یونیورسٹیاں تین دن تک بند کردی گئی ہیں۔x

## IFFI Delegate Registration

بھارت کے بین الاقوامی فلم فیسٹیول IFFI، 2024 کے لیے مندوبین کا رجسٹریشن شروع ہوگیا ہے۔

55 واں IFFI، اس سال 20 سے 28 نومبر تک گوا میں منعقد ہوگا۔

فلموں کے شائقین اِس ویب سائٹ پر اپنا رجسٹریشن کرا سکتے ہیں:

www.my.iffigoa.org

فلموں کے پیشہ ور افراد اور فلم شائقین، ایک ہزار 180 روپے کی فیس ادا کرکے اپنا رجسٹریشن کرا سکتے ہیں، جبکہ طلبا کیلئے پینل اور اسکریننگ کے 4 ٹکٹ روزانہ مفت رہیں گے۔ کسی بھی معلومات کیلئے registration@iffigoa.org. پر ای-میل بھیجا جاسکتا ہے۔x

## Germany MPOX

جرمنی نے ایم پوکس وائرس کی نئی قسم Clade 1B کے پہلے کیس کا پتہ لگایا ہے۔اِس سے متعلقہ کسی موت کی اطلاع نہیں ہے۔ مریض ایک 33 سالہ شخص ہے ، جسے اِس ماہ کی 12 تاریخ کو علاج کیلئے اسپتال میں داخل کرنے کے بعد الگ تھلگ کردیا گیا تھا۔ مریض میں ایم پوکس وائرس کی نئی شکل Clade 1B موجود تھا، جو عالمی ادارۂ صحت کی جانب سے اگست کے مہینے میں اعلان کردہ عالمی صحت کی ہنگامی صورتحال سے منسلک ہے۔ آرتھوپوکس وائرس کے سبب پیدا ہونے والی بیماری ایم پوکس پہلے مغربی اور وسطی افریقہ میں پہلے پھیلا تھا۔ x

**Hockey Johar Cup**

سلطان آف جوہر کپ ہاکی میں آج بھارت کی مردوں کی جونیر ٹیم کا سامنا ملیشیا آسٹریلیا سے ہوگا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق سہ پہر تین بج کر 45منٹ پر شروع ہوگا۔

**Hockey India**

ہاکی میں نئی دلّی کے میجر دھیان چند نیشنل اسٹیڈیم میں بھارت اور جرمنی کے درمیان دو طرفہ سیریز کا آج آغاز ہوگا۔ اِس میچ کی شروعات سہ پہر تین بجے ہوگی۔ یہ سیریز خصوصیت کی حامل ہے، کیونکہ اِس کے ذریعہ دہائیوں کی مدت کے بعد بھارت کی راجدھانی میں بین الاقوامی ہاکی ٹیم کے ساتھ میچ ہوگا۔ ہرمن پریت سنگھ بھارتی ٹیم کی قیادت کریں گے، جو جرمنی کے ساتھ دو میچ کھیلے گی۔ جرمنی عالمی چمپئن ہے اور اُس نے پیرس اولمپکس میں چاندی کا تمغہ جیتا ہے۔ بھارتی ٹیم پیرس 2024 کے سیمی فائنل میں تین کے مقابلے دو گول سے ہارنے کا بدلہ لینے کی کوشش کرے گی۔ اُدھر ہاکی انڈیا نے اعلان کیا ہے کہ شائقین ڈیجیٹل ٹکٹ سسٹم کے ذریعہ میں اسٹیڈیم میں مفت داخلہ لے سکتے ہیں۔ اس میچ کو ڈی ڈی اسپورٹس پر بھی دیکھا جاسکتا ہے۔x

**ACC T 20 Asia Cup**

اے سی سی ٹی ٹوینٹی مردوں کی اُبھرتی ہوئی ٹیموں کے ایشیاء کپ میں انڈیا A کا سامنا آج شام الامارات کرکٹ گراؤنڈ میں میزبان ٹیم عمان سے ہوگا۔

یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق شام سات بجے شروع ہوگا۔ تلک ورما کی قیادت میں اِنڈیا A کی ٹیم سیمی فائنل کیلئے پہلے ہی کوالیفائی کرچکی ہے۔ ٹیم نے اَب تک کوئی میچ نہیں ہارا ہے۔

دوسری طرف میزبان عمان کی ٹیم ٹورنامنٹ میں ابھی تک کوئی میچ نہیں جیتا ہے۔ پاکستان A کا سامنا آج سہ پہر دو بجکر تیس منٹ پر اِسی میدان میں متحدہ عرب امارات سے ہوگا۔ اِس اہم میچ کی فاتح ٹیم سیمی فائنل کیلئے کوالیفائی کرے گی۔ دونوں سیمی فائنل میچیز جمعہ کو کھیلے جائیں گے۔ فائنل میچ اتوار کو کھیلا جائے گا۔x

**Golf Indian Open**

گولف میں بھارت کل سے ہریانہ کے شہر گڑگاؤں میں خواتین کے انڈین اوپن کے 16ویں ایڈیشن کی میزبانی کرے گا۔ اِس میں 31 ملکوں کی 114 کھلاڑی حصہ لیں گی، جن میں بھارت کی 27 کھلاڑی شامل ہیں۔ جن بھارتی کھلاڑیوں سے کافی امیدیں وابستہ ہیں، وہ ہیں Hitaashee Bakshi، وانی کپور، Gaurika Bishnoi، امن دیپ Drall اور Ridhima Dilawari۔x

xxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxx